رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:
''کامل مومن وہ ہے جو خوش اخلاق ہو اور گھر والوں سے نرم سلوک کرنے والا ہو''
(ترمذی)

Aawami News
Urdu Daily Ranchi-Kolkata-Patna
Website : www.live7tv.com
Group Editor : Aziz Burney
अवामी न्यूज़
روزنامہ
# عوامی نیوز
کوئی بھی مشورہ یا شکایت کیلئے رابطہ کریں
directoraawaminews@gmail.com
بے باک صحافت کا علمبردار
₹5/- only
کوئی بھی خبر، تصویر، اطلاع، اعلان ہمیں اس واٹس ایپ نمبر پر ارسال کریں
9102122786
شادی، سالگرہ اور بچوں کی سالگرہ کی تصویر ہمیں Email کریں

WE HAVE NO BRANCH
خالص سونے کے زیورات کیلئے ایک قابل اعتماد نام
زیور محل
جیو نیلرس
ZEVAR MAHAL™
Jewellers
Unit of Zar Zevar Mahal (P) Ltd
53, Muzaffar Ahmed St. (Ripon St.), Kol-700016
Mobile : 9831111037 / 9831577940, Ph. No.: 2229-0104

Pages-12 ● 38 :شمارہ ● 12 :جلد ● KOLKATA ● Saturday, 8th February 2025 ● RNI No. WBURD/2014/56804 ● E-mail- News: aawaminewskolkata@gmail.com, Advt : kolkataadvt@gmail.com, Ph. 033-46034477 / 40651166, Fax : 033-4062-8332 ● بمطابق ۹ رشعبان المعظم ۱۴۴۶ھ ● سنیچر، ۸ رفروری ۲۰۲۵ء ● کلکتہ

# کلیانی پٹاخہ کارخانے میں دھماکے سے 4 کی موت
## ٹھوس و صحیح جانچ کرنے کیلئے پولس و دمکل بھی پہنچی



کلیانی، 7رفروری: کلیانی پٹاخہ کارخانے میں بھیانک دھماکے سے 4افراد کی ہلاکت، تعداد میں اشتباہ ہے۔ شدید زخمی حالت میں ایک شخص کو اسپتال لے جایا گیا ہے۔ دھماکہ اتنا زبردست تھا کہ اس کے اثر سے پورا کارخانہ ہی ملبے میں تبدیل ہوگیا۔ مقامی لوگ تو گھبرا گئے پھر پوری ہمت سے خدمت خلق میں لگ گئے۔ جو بھی اس حادثے کے شکار ہوئے ان تباہ حال کارخانے کے ملبے سے نکالنے میں لگ گئے۔ اس ملبے میں ابھی اور کتنے لوگ پھنسے ہیں یہ تو نہیں کہا جاسکتا ہے۔ پورا کام ہوجانے کے بعد صحیح رپورٹ مل سکتی ہے۔ دھماکے کی خبر سن کر پولس بھی پوری تیاری کے ساتھ اس مقام تک پہنچ گئی۔ اور اپنے بیان میں کہا کہ جمعہ کی دوپہر کو کلیانی مضافاتی حلقے کے 20 نمبر وارڈ کے رتھ تلہ میں واقع ایک پٹاخے کے کارخانے میں اچانک سے آگ لگ گئی اور اس بھیانک آگ میں جھلس کر تین خواتین سمیت چار لوگ مارے گئے۔ لیکن خاتون بری طرح زخمی بھی ہوئی۔ اسے اس وقت کلیانی کے جواہر لعل نہرو اسپتال میں بھرتی (باقی صفحہ 4 پر)

## 'تحریری جواب دیں گے'، راہل گاندھی کے ذریعہ مہاراشٹرا اسمبلی انتخاب میں بے ضابطگی کے الزام پر الیکشن کمیشن کا ردعمل




نئی دہلی، 7رفروری: کانگریس رکن پارلیمنٹ اور لوک سبھا میں حزب اختلاف کے قائد راہل گاندھی نے آج ایم وی اے لیڈران کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس کر مہاراشٹر میں ہوئے اسمبلی انتخاب پر کئی طرح کے سوالات اٹھائے۔ انھوں نے الیکشن کمیشن پر انگلی اٹھائی اور کچھ حقائق کو سامنے رکھتے ہوئے بتایا کہ انتخاب کو متاثر کیا گیا ہے۔ اس معاملے میں اب الیکشن کمیشن نے اپنا ردعمل ظاہر کیا ہے۔ الیکشن کمیشن کا کہنا ہے کہ وہ کسی بھی طرح کے الزامات کا جواب تحریری شکل میں دے گا۔ الیکشن کمیشن نے یہ بیان سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر دیا ہے۔ آفیشیل 'ایکس' ہینڈل پر کیے گئے پوسٹ میں کمیشن نے لکھا ہے کہ ''الیکشن کمیشن سیاسی پارٹیوں کو ایک اہم اسٹیک ہولڈر کی شکل میں دیکھتا ہے۔ ہمارے لیے ووٹرس سب سے اہم ہیں، لیکن ہم سیاسی پارٹیوں کے ذریعہ دیے گئے کسی بھی مشورہ اور اٹھائے گئے سوالات کو بھی اہمیت دیتے ہیں۔'' ساتھ ہی الیکشن کمیشن نے کہا کہ ''کمیشن ملک بھر کے انتخابات میں یکساں طریقے سے اختیار کیے گئے پوری طرح سے دلائل پر مبنی اور عمل پر مبنی میٹرکس کے ساتھ سبھی سوالوں کا تحریری شکل میں جواب (باقی صفحہ 4 پر)

## اترپردیش: بریلی واقع مانجھا بنانے والی فیکٹری میں زوردار دھماکہ، فیکٹری مالک سمیت 3 افراد کی موت، ایک شدید زخمی



لکھنؤ 7فروری: اترپردیش کے بریلی ضلع میں ایک فیکٹری دھماکہ نے 3 لوگوں کی جان لے لی۔ واقعہ قلعہ تھانہ حلقہ کے باقر گنج علاقہ کا ہے جہاں پتنگ کا مانجھا بنانے والی فیکٹری میں زوردار دھماکہ ہوا۔ بتایا جا رہا ہے کہ مانجھا بنانے کے لیے گندھک اور پوٹاش ملاتے وقت یہ حادثہ ہوا جس میں فیکٹری مالک اور 2 مزدوروں کی موت ہوگئی۔ ایک دیگر مزدور کے سنگین طور پر زخمی ہونے کی اطلاع بھی موصول ہو رہی ہے۔ مقامی لوگوں کا کہنا ہے (باقی صفحہ 4 پر)

# دہلی انتخابات کے نتائج سے قبل بڑی ہلچل
## کجریوال نے 70 امیدواروں کی اہم میٹنگ طلب کی



نئی دہلی 7فروری: دہلی اسمبلی انتخابات کے نتائج سے قبل عام آدمی پارٹی (عآپ) نے اپنے تمام 70 امیدواروں کی ایک اہم میٹنگ طلب کرلی ہے۔ یہ میٹنگ پارٹی کے قومی کنوینر اور دہلی کے وزیراعلیٰ اروند کجریوال کی صدارت میں آج صبح 11:30 بجے منعقد ہوگی۔ اس میٹنگ کو انتہائی اہم تصور کیا جا رہا ہے، کیونکہ یہ 'آپریشن لوٹس' کے الزامات کے درمیان منعقد ہو رہی ہے۔ پارٹی کے سینئر رہنما اور راجیہ سبھا رکن پارلیمنٹ سنجے سنگھ نے بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) پر سنگین الزامات عائد کرتے ہوئے کہا ہے کہ عام آدمی پارٹی کے سات امیدواروں کو 15-15 کروڑ روپے کی پیشکش کے فون آرہے ہیں تاکہ وہ پارٹی چھوڑ دیں۔ ان کے مطابق، ووٹوں کی گنتی سے پہلے ہی بی جے پی 'آپریشن لوٹس' کو فعال کرچکی ہے (باقی صفحہ 4 پر)

## نائیجیریا کے اسکول میں شدید آگ، 17 بچے جاں بحق

ابوجا 7فروری: نائیجیریا کے شمال مغربی ریاست زمفارا کے علاقے کوارا نمودا میں ایک اسلامی اسکول میں آگ لگنے کے نتیجے میں کم از کم 17 بچے جاں بحق ہوگئے، جبکہ 17 دیگر شدید زخمی ہیں۔ نائیجیریا کی قومی ایمرجنسی مینجمنٹ ایجنسی (این ای ایم اے) نے واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ آگ بدھ کے روز لگی، جس وقت اسکول میں تقریباً 100 طلبہ موجود تھے۔ حکام کا کہنا ہے کہ جھلسے ہوئے بچوں کو مختلف اسپتالوں میں علاج کے لیے منتقل کیا گیا ہے، جبکہ آگ لگنے کی وجوہات تاحال معلوم نہیں ہوسکی ہیں۔ نائیجیریا کی ایمرجنسی ایجنسی نے کہا کہ حکام نے جمعرات کو تحقیقات کا آغاز کردیا ہے تاکہ اس حادثے کے اسباب کا تعین کیا جا سکے۔ نائیجیریا کے صدر بولا ٹینوبو نے جاں بحق بچوں کے اہلِ خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا اور تعلیمی اداروں میں حفاظتی اقدامات کو مزید سخت کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے تعلیمی اداروں کے منتظمین پر زور (باقی صفحہ 4 پر)

عالیٰ جانب!
ہر سال کی طرح امسال بھی ادارہ بیت المال کیلابگان کے زیر اہتمام اجتماعی نکاح (شادی) کا اہتمام کیا گیا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس تقریب میں ۲۰ رجوڑے رشتہ ازدواج سے منسلک ہوں گے۔ جو حسب ذیل ہیں۔
بتاریخ: مورخہ ۰۹ رفروری ۲۰۲۵ء بوقت: بعد نماز ظہر، بروز اتوار
بمقام: بیت المال کیلابگان کمیونٹی ہال، ۹۰ راے، مدن موہن برمن اسٹریٹ، کولکاتا۔۷
اس مبارک موقع پر آپ کی شرکت ہمارے لئے ''باعث مسرت'' ہوگی

The Baitulmal Kelabagan requests you to grace the occasion of the 17th MASS MARRIAGE Ceremony of Twenty Couples on Sunday, 9th February 2025, at Baitulmal Kelabagan Community Hall, at 90A, Madan Mohan Burman Street, Kolkata-700007. The programme will commence at 1:00 p.m.

Your graceful presence will enhance the dignity of this auspicious occasion.

WITH BEST COMPLIMENTS FROM:
All Members of Baitulmal Kelabagan

Jb. Md. Jasimuddin
President (BMK)
Hon'ble Councillor, Ward 39

Jb. Shaique Ahmed
General Secretary
Baitulmal Kelabagan

Jb. Md. Imran
Acting General Secretary
Baitulmal Kelabagan

Jb. Md. Barkat Ali
Treasurer
Baitulmal Kelabagan

اَلنِّکَاحُ مِنْ سُنَّتِی
تقریبِ شادیٔ خانہ آبادی
17th
MASS MARRIAGE CEREMONY
BAITULMAL KELABAGAN
بیت المال کیلابگان
Organised by :
BAITULMAL KELABAGAN
90A, Madan Mohan Burman Street, Kolkata - 700 007
Phone : 2241 - 4136
The Mass Marriage Ceremony of Twenty Couples
On Sunday, at 1.00 p.m. 9th February, 2025

